## ووٹ کے حق کے استعمال میں معاونت

**1**

الیکشن ایکٹ 2017ء کی شق نمبر (9) 48 کے مطابق اگر کوئی ووٹر جسمانی معذوری کی بنا پر خود پولنگ بوتھ تک نہ جاسکتا/سکتی ہو اور اسے کسی معاون کی ضرورت ہو تو پریذائیڈنگ آفیسر ایسے ووٹر کو اجازت دے گا/گی کہ وہ اپنی مرضی کے مطابق 18 سال سے زائد عمر کے/کی ساتھی کو ہمراہ لے جائے۔ تاہم کوئی اُمیدوار یا اسکا ایجنٹ اس کا معاون نہیں ہوسکتا۔

**2**

اگر ووٹر مکمل طور پر نابینا ہو یا کسی جسمانی معذوری کی بناء پر خود بیلٹ پیپر پر مہر لگانے کے قابل نہ ہو تو اسکا معاون، ووٹر کی مرضی کے مطابق بیلٹ پیپر پر مہر لگا کر اسے تہہ کرے گا/گی اور بیلٹ بکس میں ڈالے گا/گی۔

**3**


پریذائیڈنگ آفیسر ایسے ووٹروں کی فہرست مرتب کرے گا/گی جن کے ووٹوں پر ان کے ساتھیوں کو مہر لگانے کی اجازت دی گئی ہو۔

### خصوصی اقدامات

الیکشن ایکٹ 2017ء کی شق نمبر 48 کے مطابق الیکشن کمیشن غیر مسلموں، افراد باہم معذوری اور خواجہ سراؤں کی انتخابی فہرستوں میں بطور ووٹر جسٹریشن کے لیے خصوصی اقدامات کرے گا۔

## افراد باہم معذوری اور انتخابی عمل

یہ عمل حوصلہ افزاء ہے کہ ملکی اور غیر ملکی سطح پر افراد باہم معذوری کو زندگی کے ہر شعبہ میں پیش آنے والی رکاوٹوں کو دور کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ کنونشن برائے حقوق افراد باہم معذوری (دسمبر 2006ء) بین الاقوامی سطح پر ریاستی جماعتوں کو اس بات کا پابند بناتی ہے کہ افراد باہم معذوری کو برابری کی بنیاد پر سیاسی حقوق دیئے جائیں۔ ان کے سیاسی حقوق کا تحفظ کیا جائے اور ریاست اس بات کو یقینی بنائے کہ افراد باہم معذوری سیاسی اور عوامی زندگی میں براہِ راست یا بالواسطہ طور پر برابری کی بنیاد پر حصہ لیں اور افراد باہم معذوری کو منتخب ہونے اور ووٹ ڈالنے کا پورا حق حاصل ہو اور اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ ووٹنگ کا طریقہ کار، سہولیات اور انتظامات کو اس طرح ترتیب دیا جائے کہ افراد باہم معذوری کو انہیں سمجھنے میں دشواری پیش نہ آئے۔




# میرا ووٹ میرا حق



# پوسٹل بیلٹ کا طریقہ کار

الیکشن ایکٹ 2017 شق نمبر 93 کے مطابق معذوری کے نشان والے نادرا کے جاری کردہ قومی شناختی کارڈ کے حامل افراد جو کسی جسمانی معذوری کی بناء پر سفر نہ کر سکتے ہوں پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹ ڈالنے کے حقدار ہیں۔ ایسے ووٹر انتخابی پروگرام کے اعلان کے بعد الیکشن کمیشن کی طرف سے مقرر کردہ تاریخ تک اس حلقہ کے ریٹرننگ آفیسر جس میں ان کا ووٹ درج ہے کو پوسٹل بیلٹ کے حصول کے لیے درخواست دیں گے۔ اس درخواست پر ووٹر کا نام، اس کا پتہ اور انتخابی فہرست میں اسکا سلسلہ نمبر درج کرنا ہو گا۔

**1**




ریٹرننگ آفیسر پوسٹل بیلٹ کی درخواست ملنے پر متعلقہ ووٹر کو پوسٹل بیلٹ پیپر، اقرارنامہ (فارم 38)، ہدایت نامہ (فارم 41)، اندرونی کور (چھوٹا لفافہ) اور بیرونی کور (بڑا لفافہ) جس پر پریذائیڈنگ آفیسر کا پتہ درج ہو گا بذریعہ ڈاک بھجوائے گا/ گی۔

**2**



اگر کوئی بھجوایا گیا پوسٹل بیلٹ پیپر تقسیم ہوئے بغیر واپس آجائے یا کوئی ووٹر پوسٹل بیلٹ پیپر یا اس کے ہمراہ بھجوائے گئے کسی فارم کو نادانستہ طور پر اس طرح ضائع کر دے کہ وہ استعمال کے قابل نہ رہے تو ریٹرننگ افسر متعلقہ ووٹر کی درخواست پر اسے نیا پوسٹل بیلٹ پیپر اور دیگر دستاویزات بذریعہ ڈاک یا دستی طور پر جاری کر سکے گا/ گی۔

**3**



متعلقہ ووٹر پوسٹل بیلٹ پیپر ملنے کے بعد پوسٹل بیلٹ پیپر پر مہیا کی گئی مخصوص جگہ پر اُس اُمیدوار کا نام لکھے گا جسے وہ ووٹ دینا چاہتا ہے اور اگر حلقہ میں اس نام کے ایک سے زائد اُمیدوار ہیں تو پھر اپنے پسندیدہ اُمیدوار کے نام کے ساتھ اس کا انتخابی نشان بھی لکھے گا جبکہ پوسٹل بیلٹ پیپر پر مانگی گئی مطلوبہ معلومات، حلقہ کا نام اور نمبر، ووٹر کا نام، قومی شناختی کارڈ نمبر، سلسلہ نمبر، انتخابی علاقہ کا نام اور شماریاتی بلاک کوڈ نمبر بھی درج کرنا ہو گا۔

**4**



ووٹر گریڈ 17 یا اس سے زائد کے سرکاری آفیسر یا کمیشن آفیسر کے سامنے اقرارنامہ (فارم 38) پُر کرے گا/ گی اس پر اپنے دستخط کرے گا/ گی جس کی وہ افسر تصدیق کرے گا/ گی۔

**5**



اگر ووٹر ان پڑھ ہونے یا ضعیفی کی وجہ سے بیلٹ پیپر اور اقرار نامہ کو پُر کرنے اور اس پر دستخط کرنے کے قابل نہ ہو تو وہ تصدیق کنندہ آفیسر کو ایسا کرنے کی اجازت دے سکتا/ سکتی ہے جو ووٹر کی مرضی کے مطابق بیلٹ پیپر (37) اور اقرارنامہ (فارم 38) کو پُر کرے گا/ گی وہ اس بابت اقرار نامہ پر سرٹیفیکیٹ بھی دے گا/ گی۔

**6**




اگر کوئی ووٹر جسمانی معذوری کی بناء پر سفر نہ کر سکتا/ سکتی ہو اور معذوری کے نشان والے قومی شناختی کارڈ کا/ کی حامل ہو تو وہ اپنے والد، والدہ، بھائی، بہن، خاوند/ بیوی، بیٹا یا بیٹی میں سے کسی ایک کو اپنے پوسٹل بیلٹ پیپر (37) اور اقرارنامہ (فارم 38) کو گزیٹڈ/ کمیشنڈ آفیسر سے اپنی جگہ تصدیق کرانے کا اختیار دے سکتا/ سکتی ہے ایسا آفیسر اس بابت اقرار نامہ پر تصدیق بھی کرے گا/ گی۔

**7**



ووٹر پوسٹل بیلٹ پیپر کو پُر کرنے کے بعد اندرونی کور (چھوٹے لفافے) میں بند کرے گا/ گی جس پر متعلقہ حلقہ کا نام اور نمبر اور پوسٹل بیلٹ پیپر کا سیریل نمبر درج کرنا ہو گا۔

**8**



ووٹر اقرارنامہ کو پُر کرنے، دستخط کرنے اور تصدیق کروانے کے بعد اسے اقرار نامہ (فارم 38) اور پوسٹل بیلٹ پیپر کے حامل اندرونی کور کو بیرونی کور (بڑے لفافہ) میں ڈال کر بند کرے گا/ گی اور اس بیرونی کور کو بذریعہ ڈاک ریٹرننگ آفیسر کو مقررہ وقت تک بھجوائے گا/ گی کہ یہ نتائج کو یکجا کیے جانے سے پہلے ریٹرننگ آفیسر کو موصول ہو جائے۔ بیرونی کور پر ڈاکخانے کا اہلکار، پوسٹ کیئے جانے کی تاریخ اور اپنی سرکاری مہر لگائے گا/ گی۔